تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی

June,05.2023

پریس ریلیز

جامعہ ملیہ اسلامیہ میں عالمی یوم ماحولیات کی تقریب کے موقع پر اشتہار سازی کا مقابلہ

جامعہ ملیہ اسلامیہ کے ایڈلٹ اینڈ کنٹی نوئنگ ایجوکیشن اینڈ ایکسٹنشن (ڈی اے سی ای ای) نے عالمی یوم ماحولیات کی تقریب مناتے ہوئے 'ای۔ویسٹ مینجمنٹ فار انوائرومنٹل سسٹین ایبلٹی' کے مرکزی خیال کے تحت اشتہار سازی کا ایک مقابلہ منعقد کیا۔اشتہار سازی کے اس مقابلے میں حصہ لینے کے لیے ایم۔اے۔/ایم۔ایس سی ڈولپمنٹ ایکسٹنشن سمسٹر دوم اور چہارم کے تمام طلبا اہل تھے۔

'ای۔ویسٹ' سے ماحولیات کو خطرہ لاحق ہے اور ماحولیاتی پائے داری سے متعلق یہ ایک اہم مسئلہ ہے۔دنیا کے ممالک کے سامنے 'ای۔ویسٹ' کو ٹھکانے لگانا آج ایک بڑا چیلنج ہوگیا ہے۔الیکٹرانک آلات کے بڑھتے استعمال سے دنیا میں یہ سب سے سرعت سے پھیلنے والا ٹھوس ویسٹ اسٹریم ہوگیا ہے۔الیکٹرانکس فضلیات یا ای۔ویسٹ کو ازسرنو مفید مطلب بنانے سے ہمارے قدرتی وسائل محفوظ ہوسکتے ہیں اور مزید گرین ہاؤس گیس کے اخراج سے احتراز کیا جاسکتا ہے۔نئی نسل کو ماحولیاتی پائے داری کے لیے ای۔ویسٹ مینجمنٹ کے سلسلے میں مستعدی سے غوروفکر کرنا ہوگا۔

اسی مقصد سے شعبہ ڈی اے سی ای ای کی صدر پروفیسر شکھا کپور نے طلبا کے لیے پروگرام منعقد کرایا کہ تاکہ وہ جان داروں کی بقا کو لاحق روز بہ روز کے شدید خطرے سے آگاہ ہوں۔اس مسئلے کے سلسلے میں طلبا کی رخ سازتربیت کی گئی اور ہاف کارٹرج کاغذ (پورے کاغذ کے نصف) پر تیار کردہ اے ٹو سائز کاغذ پر بنے اشتہار کو چوبیس مئی سے یکم جون دوہزار تئیس کے درمیان جمع کرنے کو کہا گیا تھا۔انگریزی اور ہندی میں ہاتھ سے بنے یا خاکوں والے اشتہار کو پنسل کلر، کریونس، اسکیچ پنسل کلر، کریونس اسکیچ پین، مختلف قسم کے رنگوں، کریونس، ٹیئر اور پیسٹ یا پھر کٹ اور پیسٹ کے طریقہ کار کو بروئے کار لاتے ہوئے، پرانی تصویریں اور اخبارات وغیرہ سے اشتہارات کو

سجانے اور بنانے کے لیے انھوں نے میڈیا مکس کا استعمال کیا تھا۔طلبا نے عوام کی بیداری کے لیے دلچسپ تصاویر اور تقریری پیغامات کی شمولیت سے رنگین جاذب نظر اشتہارات بنائے تھے۔

طلبا کے تیار کردہ اشتہارات کو جانچنے کے لیے آرٹ ایجوکیشن ،جامعہ ملیہ اسلامیہ کی ایسوسی ایٹ پروفیسر محترمہ سیما مرتضی مدعو کی گئی تھیں۔

تعلقات عامہ

جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دہلی